# اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاء وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ

اللہ منتخب کر لیتا ہے اپنے لیے جسے چاہے اور راستہ دکھاتا ہے اپنی طرف آنے کا اس شخص کو جو رجوع کرتا ہے (اسکی جانب)۔

# الشُورَى

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

حمٓ ﴿١﴾

حا میم ۔

عٓسٓقٓ ﴿٢﴾

عین سین کاف ۔

كَذَٰلِكَ يُوحِيٓ إِلَيۡكَ وَإِلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكَ ٱللَّهُ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ ﴿٣﴾

اسی طرح وحی بھیجتا ہے تیری طرف اور تجھ سے پہلوں کی طرف ، اللہ زبردست حکمت والا ۔

لَهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۖ

اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں ۔

وَهُوَ ٱلۡعَلِيُّ ٱلۡعَظِيمُ ﴿٤﴾

اور وہی ہے سب سے اوپر بڑا ۔

تَكَادُ ٱلسَّمَٰوَٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِن فَوۡقِهِنَّۚ

قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں (انکے شرک کی بناء پر) اوپر سے

وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَيَسۡتَغۡفِرُونَ لِمَن فِي ٱلۡأَرۡضِۗ

اور (حالانکہ) فرشتے پاکی بولتے (تسبیح کرتے) ہیں خوبیاں اپنے رب کی ، اور گناہ بخشواتے ہیں زمین والوں کے ۔

أَلَآ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ ٥

سنتا ہے (آگاہ رہو) وہی ہے معاف کرنے والا مہربان۔

وَٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءَ ٱللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيۡهِمۡ

اور جنہوں نے پکڑے (بنا رکھے) ہیں اس کے سوا رفیق، اللہ کو وہ یاد (نگاہ میں) ہیں۔

وَمَآ أَنتَ عَلَيۡهِم بِوَكِيلٍ ٦

اور تجھ پر نہیں ان کا ذمہ،

وَكَذَٰلِكَ أَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡكَ قُرۡءَانًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ ٱلۡقُرَىٰ وَمَنۡ حَوۡلَهَا

اور اسی طرح اتارا ہم نے تجھ پر قرآن عربی زبان کا، کہ تو ڈر سنائے بڑے گاؤں کو، اور آس پاس والوں کو،

وَتُنذِرَ يَوۡمَ ٱلۡجَمۡعِ لَا رَيۡبَ فِيهِۚ

اور خبر سنائے جمع ہونے کے دن کی۔ اس میں دھوکا نہیں۔

فَرِيقٌ فِي ٱلۡجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي ٱلسَّعِيرِ ٧

(اس روز جانا ہے) ایک فرقہ (گروہ) بہشت میں، اور ایک فرقہ (گروہ) آگ (دوزخ) میں۔

وَلَوۡ شَآءَ ٱللَّهُ لَجَعَلَهُمۡ أُمَّةً وَٰحِدَةً وَلَٰكِن يُدۡخِلُ مَن يَشَآءُ فِي رَحۡمَتِهِۦۚ

اور اگر چاہتا اللہ، تو سب لوگوں کو کرتا ایک ہی فرقہ۔ پر وہ داخل کرتا ہے جس کو چاہے اپنی مہر (رحمت) میں۔

وَٱلظَّٰلِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ٨

اور گنہگار جو ہیں، ان کا کوئی نہیں رفیق نہ مددگار۔

أَمِ ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءَۖ

کیا انہوں نے پکڑے ہیں اس سے ورے (علاوہ) کام بنانے والے؟

فَٱللَّهُ هُوَ ٱلْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ ٱلْمَوْتَىٰ

سو اللہ جو ہے، سو وہی ہے کام بنانے والا اور وہی جلاتا (زندہ کرتا) ہے مردے۔

وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ ﴿٩﴾

اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

وَمَا ٱخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَىْءٍ فَحُكْمُهُۥٓ إِلَى ٱللَّهِ ۚ

اور جس بات میں جھگڑے (اختلاف کرتے) ہو تم لوگ، کوئی چیز ہو، اس کی چکوتی (اختیار) ہے اللہ پر حوالہ۔

ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبِّى عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿١٠﴾

وہ اللہ ہے رب میرا، اسی پر مجھ کو بھروسہ، اور اسی کی طرف میری رجوع۔

فَاطِرُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ

بنا نکالنے (پیدا کرنے) والا آسمان کا اور زمین کا۔

جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَٰجًا وَمِنَ ٱلْأَنْعَٰمِ أَزْوَٰجًا ۖ يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ ۚ

بنا دیئے تم ہی میں سے جوڑے، اور چوپایوں میں سے جوڑے۔ بکھیرتا ہے تم کو اسی طرح۔

لَيْسَ كَمِثْلِهِۦ شَىْءٌ ۖ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْبَصِيرُ ﴿١١﴾

نہیں اس کی طرح کا سا کوئی۔ اور وہی ہے سنتا دیکھتا۔

لَهُۥ مَقَالِيدُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ يَبْسُطُ ٱلرِّزْقَ لِمَن يَشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ

اس پاس ہیں کنجیاں آسمانوں اور زمین (کے خزانوں) کی۔ پھیلا (کھول) دیتا ہے روزی جسکو چاہے، اور ماپ (ناپ تلا) دیتا ہے۔

إِنَّهُۥ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمٌ ﴿١٢﴾

وہ ہر چیز کی خبر رکھتا ہے۔

شَرَعَ لَكُم مِّنَ ٱلدِّينِ مَا وَصَّىٰ بِهِۦ نُوحًا وَٱلَّذِىٓ أَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡكَ

راہ ڈال دی تم کو دین میں، وہی جو کہہ دیا تھا نوح کو، اور حکم بھیجا ہم نے تیری طرف،

وَمَا وَصَّيۡنَا بِهِۦٓ إِبۡرَٰهِيمَ وَمُوسَىٰ وَعِيسَىٰٓۖ أَنۡ أَقِيمُواْ ٱلدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُواْ فِيهِۚ

اور وہ جو کہہ دیا ہم نے ابراہیم کو، اور موسیٰ کو، عیسیٰ کو، یہ کہ قائم رکھو دین اور پھوٹ نہ ڈالو اس میں۔

كَبُرَ عَلَى ٱلۡمُشۡرِكِينَ مَا تَدۡعُوهُمۡ إِلَيۡهِۚ

بھاری پڑتا ہے شریک والوں کو، جس طرف تو بلاتا ہے ان کو۔

ٱللَّهُ يَجۡتَبِىٓ إِلَيۡهِ مَن يَشَآءُ وَيَهۡدِىٓ إِلَيۡهِ مَن يُنِيبُ ﴿١٣﴾

اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف جس کو چاہے۔ اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اس کو جو رجوع لائے،

وَمَا تَفَرَّقُوٓاْ إِلَّا مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡعِلۡمُ بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۚ

اور پھوٹ جو ڈالی (فرقوں میں بٹے)، سو سمجھ آ چکے پیچھے، آپس کی ضد سے۔

وَلَوۡلَا كَلِمَةٞ سَبَقَتۡ مِن رَّبِّكَ إِلَىٰٓ أَجَلٖ مُّسَمّٗى لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ

اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو نکل گئی ہے تیرے رب سے، ایک ٹھہرے وعدے تک، تو فیصلہ ہو جاتا ان میں۔

وَإِنَّ ٱلَّذِينَ أُورِثُواْ ٱلۡكِتَٰبَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ لَفِى شَكّٖ مِّنۡهُ مُرِيبٖ ﴿١٤﴾

اور جن کو ہاتھ لگی ہے کتاب ان کے پیچھے، وہ دھوکے میں ہیں اس سے، جو چین نہیں دیتا۔

فَلِذَٰلِكَ فَٱدۡعُۖ وَٱسۡتَقِمۡ كَمَآ أُمِرۡتَۖ وَلَا تَتَّبِعۡ أَهۡوَآءَهُمۡۖ

سو تو اُسی طرف بُلا۔ اور قائم رہ جیسا فرما دیا۔ اور نہ چل ان کے چاؤں (خواہشات) پر۔

وَقُلۡ ءَامَنتُ بِمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِن كِتَٰبٖۖ وَأُمِرۡتُ لِأَعۡدِلَ بَيۡنَكُمُۖ

اور کہہ، میں یقین لایا ہر کتاب پر جو اتاری اللہ نے۔ اور مجھ کو حکم ہے انصاف کروں تمہارے بیچ۔

ٱللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَآ أَعْمَـٰلُنَا وَلَكُمْ أَعْمَـٰلُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۖ

اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا۔ ہم کو ملتے ہیں ہمارے کام، اور تم کو تمہارے کام۔ کچھ جھگڑا نہیں ہم میں اور تم میں۔

ٱللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ وَإِلَيْهِ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٥﴾

اللہ اکٹھا کرے گا ہم سب کو اور اسی کی طرف پھر جانا ہے۔

وَٱلَّذِينَ يُحَآجُّونَ فِى ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مَا ٱسْتُجِيبَ لَهُۥ

اور جو لوگ ڈالتے (جھگڑتے) ہیں اللہ کی بات میں، جب خلق (مخلوق) اس کو مان چکی،

حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿١٦﴾

ان کا جھگڑا ڈگ رہا (باطل) ہے ان کے رب کے ہاں، اور ان پر غصہ ہے، اور ان کو سخت مار ہے۔

ٱللَّهُ ٱلَّذِىٓ أَنزَلَ ٱلْكِتَـٰبَ بِٱلْحَقِّ وَٱلْمِيزَانَ ۗ

اللہ وہ ہے جس نے اتاری کتاب سچے دین پر، اور ترازو۔

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ ٱلسَّاعَةَ قَرِيبٌ ﴿١٧﴾

اور تجھ کو کیا خبر ہے شاید وہ گھڑی پاس ہو۔

يَسْتَعْجِلُ بِهَا ٱلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ

شتابی (جلدی) کرتے ہیں اسکی جو یقین نہیں رکھتے اس پر۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا ٱلْحَقُّ ۗ

اور جو یقین رکھتے ہیں انکو اسکا ڈر ہے، اور جانتے ہیں کہ وہ ٹھیک ہے۔

أَلَآ إِنَّ ٱلَّذِينَ يُمَارُونَ فِى ٱلسَّاعَةِ لَفِى ضَلَـٰلٍۭ بَعِيدٍ ﴿١٨﴾

سنتا ہے جو لوگ جھگڑتے ہیں اس گھڑی کے آنے میں، وہ بہکے ہیں صریح۔

ٱللَّهُ لَطِيفُۢ بِعِبَادِهِۦ يَرۡزُقُ مَن يَشَآءُۖ
اللہ نرمی رکھتا ہے اپنے بندوں پر، روزی دیتا ہے جس کو چاہے۔

وَهُوَ ٱلۡقَوِيُّ ٱلۡعَزِيزُ ﴿١٩﴾
اور وہ ہے زورآور زبردست۔

مَن كَانَ يُرِيدُ حَرۡثَ ٱلۡأٓخِرَةِ نَزِدۡ لَهُۥ فِي حَرۡثِهِۦۖ
جوکوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی، بڑھادیں ہم اس کو اس کی کھیتی۔

وَمَن كَانَ يُرِيدُ حَرۡثَ ٱلدُّنۡيَا نُؤۡتِهِۦ مِنۡهَا وَمَا لَهُۥ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ مِن نَّصِيبٍ ﴿٢٠﴾
اور جوکوئی ہو چاہتا دنیا کی کھیتی، اس کو دیں ہم اس میں سے، اور اس کو نہیں آخرت میں کچھ حصہ۔

أَمۡ لَهُمۡ شُرَكَـٰٓؤُاْ شَرَعُواْ لَهُم مِّنَ ٱلدِّينِ مَا لَمۡ يَأۡذَنۢ بِهِ ٱللَّهُۚ
کیا ان کے اور شریک ہیں جو راہ ڈالی ہے انہوں نے انکے واسطے دین کی؟ جس کا حکم نہیں دیا اللہ نے۔

وَلَوۡلَا كَلِمَةُ ٱلۡفَصۡلِ لَقُضِيَ بَيۡنَهُمۡۗ وَإِنَّ ٱلظَّـٰلِمِينَ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢١﴾
اور اگر نہ ہوتی بات فیصلہ کی (طے شدہ)، تو فیصلہ ہو جاتا ان میں۔ اور بیشک جو گنہگار ہیں، ان کو دکھ کی مار (عذاب) ہے۔

تَرَى ٱلظَّـٰلِمِينَ مُشۡفِقِينَ مِمَّا كَسَبُواْ وَهُوَ وَاقِعُۢ بِهِمۡۗ
تو دیکھے (گا) گنہگار ڈرتے ہوں گے اپنی کمائی سے، اور وہ پڑتا ہے ان پر۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ فِي رَوۡضَاتِ ٱلۡجَنَّاتِۖ
اور جو یقین لائے، اور بھلے کام کئے باغوں میں ہیں بہشت کے۔

لَهُم مَّا يَشَآءُونَ عِندَ رَبِّهِمۡۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلۡفَضۡلُ ٱلۡكَبِيرُ ﴿٢٢﴾
ان کو (کے لئے) ہے جو چاہیں اپنے رب کے پاس۔ یہی ہے بڑی بزرگی۔

ذَٰلِكَ ٱلَّذِي يُبَشِّرُ ٱللَّهُ عِبَادَهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ ۗ

یہ خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے ایماندار بندوں کو جو کرتے ہیں بھلے کام ۔

قُل لَّآ أَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ أَجۡرًا إِلَّا ٱلۡمَوَدَّةَ فِي ٱلۡقُرۡبَىٰ ۗ

تو کہہ ، میں مانگتا نہیں تم سے اس پر کچھ نیگ (اجر) مگر دوستی چاہیے (محبت ہو) ناتے (قرابت داروں) میں ۔

وَمَن يَقۡتَرِفۡ حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهُۥ فِيهَا حُسۡنًا ۚ

اور جو کوئی کمائے گا نیکی ، ہم اس کو بڑھا دیں گے اس کی خوبی ۔

إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ شَكُورٌ ﴿٢٣﴾

بیشک اللہ معاف کرتا ہے حق مانتا ۔

أَمۡ يَقُولُونَ ٱفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ كَذِبٗا ۖ فَإِن يَشَإِ ٱللَّهُ يَخۡتِمۡ عَلَىٰ قَلۡبِكَ ۗ

کیا کہتے ہیں اس نے باندھا اللہ پر جھوٹ (بہتان اللہ پر) ؟ سو اگر اللہ چاہے مُہر کر دے تیرے دل پر ۔

وَيَمۡحُ ٱللَّهُ ٱلۡبَٰطِلَ وَيُحِقُّ ٱلۡحَقَّ بِكَلِمَٰتِهِۦٓ ۚ

اور مٹا دے اللہ جھوٹ کو ، اور ثابت کرتا ہے سچ کو اپنی باتوں سے ۔

إِنَّهُۥ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ﴿٢٤﴾

اس کو معلوم ہے جو دلوں میں ہے ۔

وَهُوَ ٱلَّذِي يَقۡبَلُ ٱلتَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهِۦ وَيَعۡفُواْ عَنِ ٱلسَّيِّـَٔاتِ

اور وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندوں سے ، اور معاف کرتا ہے برائیاں ،

وَيَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُونَ ﴿٢٥﴾

اور جانتا ہے جو کرتے ہو ۔

وَيَسْتَجِيبُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِۦ ۚ

اور دعا سنتا ہے ایمان والوں کی، جو بھلے کام کرتے ہیں، اور بڑھتی (زیادہ) دیتا ہے ان کو اپنے فضل سے۔

وَٱلْكَٰفِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿٢٦﴾

اور جو منکر ہیں، ان کو سخت مار ہے۔

وَلَوْ بَسَطَ ٱللَّهُ ٱلرِّزْقَ لِعِبَادِهِۦ لَبَغَوْا۟ فِى ٱلْأَرْضِ وَلَٰكِن يُنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ۚ

اور اگر پھیلا دے (دیتا) اللہ روزی اپنے بندوں کو تو دھوم (سرکشی) اٹھائیں ملک میں، پر اتارتا ماپ کر جتنی چاہتا ہے۔

إِنَّهُۥ بِعِبَادِهِۦ خَبِيرٌۢ بَصِيرٌ ﴿٢٧﴾

بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھتا ہے، دیکھتا۔

وَهُوَ ٱلَّذِى يُنَزِّلُ ٱلْغَيْثَ مِنۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوا۟ وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُۥ

اور وہی ہے جو اتارتا ہے مینہ، پیچھے اس سے کہ آس توڑ چکے، اور پھیلاتا ہے اپنی مہر (رحمت)،

وَهُوَ ٱلْوَلِىُّ ٱلْحَمِيدُ ﴿٢٨﴾

اور وہی ہے کام بنانے والا خوبیوں سراہا۔

وَمِنْ ءَايَٰتِهِۦ خَلْقُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِن دَآبَّةٍ ۚ

اور ایک اس کی نشانی ہے بنانا آسمانوں کا اور زمین کا، اور جتنے بکھیرے ہیں ان میں جانور۔

وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَآءُ قَدِيرٌ ﴿٢٩﴾

اور وہ جب چاہے ان سب کو اکٹھا کر سکتا ہے۔

وَمَآ أَصَٰبَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُوا۟ عَن كَثِيرٍ ﴿٣٠﴾

اور جو پڑے تم پر کوئی سختی، سو بدلہ اس کا جو کمایا تمہارے ہاتھوں نے، اور معاف کرتا ہے بہت۔

وَمَآ أَنتُم بِمُعۡجِزِينَ فِي ٱلۡأَرۡضِۖ

تم تھکانے والے نہیں بھاگ کر زمین میں ۔

وَمَا لَكُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ مِن وَلِيّٖ وَلَا نَصِيرٖ ٣١

اور کوئی نہیں تم کو اللہ کے سوا کام بنانے والا، نہ مددگار ۔

وَمِنۡ ءَايَٰتِهِ ٱلۡجَوَارِ فِي ٱلۡبَحۡرِ كَٱلۡأَعۡلَٰمِ ٣٢

اور ایک اس کی نشانی ہے چلتے جہاز دریا میں، جیسے پہاڑ ۔

إِن يَشَأۡ يُسۡكِنِ ٱلرِّيحَ فَيَظۡلَلۡنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهۡرِهِۦٓۚ

اگر چاہے تھام دے باؤ (ہوا)، پھر رہ جائیں سارے دن ٹھہرے اس کی پیٹھ پر ۔

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّكُلِّ صَبَّارٖ شَكُورٍ ٣٣

مقرر (بلاشبہ) اس میں پتے (نشانیاں) ہیں ہر ٹھہرنے والے کو جو حق مانے ۔

أَوۡ يُوبِقۡهُنَّ بِمَا كَسَبُواْ وَيَعۡفُ عَن كَثِيرٖ ٣٤

یا تباہ کر دے ان کو ان کی کمائی سے، اور معاف بھی کرے بہتوں کو ۔

وَيَعۡلَمَ ٱلَّذِينَ يُجَٰدِلُونَ فِيٓ ءَايَٰتِنَا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٖ ٣٥

اور جان لیں جو جھگڑتے ہیں ہماری قدرتوں میں ۔ کہ نہیں ان کو بھاگنے کی جگہ (جائے پناہ) ۔

فَمَآ أُوتِيتُم مِّن شَيۡءٖ فَمَتَٰعُ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۖ

سو جو ملا ہے تم کو کچھ چیز ہو، سو برتنا ہے دنیا کے جیتے ۔

وَمَا عِندَ ٱللَّهِ خَيۡرٞ وَأَبۡقَىٰ لِلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَلَىٰ رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُونَ ٣٦

اور جو اللہ کے ہاں بہتر ہے اور رہنے والا واسطے ایمان والوں کے جو اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ۔

وَٱلَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَٰٓئِرَ ٱلْإِثْمِ وَٱلْفَوَٰحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا۟ هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾

اور جو بچتے ہیں بڑے گناہوں سے اور بے حیائی سے اور جب غصہ آئے وہ معاف کرتے ہیں۔

وَٱلَّذِينَ ٱسْتَجَابُوا۟ لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ

اور جنہوں نے حکم مانا اپنے رب کا اور کھڑی (قائم) کی نماز۔ اور ان کا کام ہے مشورہ سے آپس کے۔

وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٨﴾

اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں۔

وَٱلَّذِينَ إِذَآ أَصَابَهُمُ ٱلْبَغْىُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾

اور وہ لوگ کہ جب ہوئے ان پر چڑھائی تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔

وَجَزَٰٓؤُا۟ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُۥ عَلَى ٱللَّهِ ۚ

اور برائی کا بدلہ برائی ویسی ہے۔ پھر جو کوئی معاف کرے اور سنوارے، سو اس کا ثواب ہے اللہ کے ذمے،

إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾

بیشک اس کو خوش نہیں آتے (پسند نہیں آتے) گنہگار۔

وَلَمَنِ ٱنتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِۦ فَأُو۟لَٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ﴿٤١﴾

جو کوئی بدلہ لے اپنے ظلم پر سو ان پر بھی نہیں الاہنا (پکڑ)۔

إِنَّمَا ٱلسَّبِيلُ عَلَى ٱلَّذِينَ يَظْلِمُونَ ٱلنَّاسَ وَيَبْغُونَ فِى ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ ۚ

الاہنا (پکڑ) تو ان پر، جو ظلم کرتے ہیں لوگوں پر اور دھوم اٹھاتے (زیادتیاں کرتے) ہیں ملک میں ناحق۔

أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٢﴾

ان لوگوں کو ہے دکھ کی مار۔

وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ ٱلْأُمُورِ ﴿٤٣﴾

اور البتہ جس نے سہا اور معاف کیا، بیشک یہ کام ہمت کے ہیں۔

وَمَن يُضْلِلِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِن وَلِىٍّ مِّنۢ بَعْدِهِۦ ۗ

اور جس کو راہ نہ دے اللہ، تو کوئی نہیں اس کا کام بنانے والا اس کے سوا۔

وَتَرَى ٱلظَّـٰلِمِينَ لَمَّا رَأَوُا۟ ٱلْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾

اور تو دیکھے گنہگاروں کو، جس وقت دیکھیں گے عذاب، کہیں گے، کسی طرح پھر (پلٹ) جانے کی بھی ہوگی کوئی راہ؟

وَتَرَىٰهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَـٰشِعِينَ مِنَ ٱلذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِىٍّ ۗ

اور تو دیکھے ان کو سامنے لائے گئے ہیں آگ کے، نوے (جھکی) آنکھیں ذلت سے، دیکھتے ہیں چھپی نگاہ سے۔

وَقَالَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِنَّ ٱلْخَـٰسِرِينَ ٱلَّذِينَ خَسِرُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۗ

اور کہتے ہیں جو ایماندار تھے، مقرر ٹوٹے (گھاٹے) والے وہی ہیں، جنہوں نے گنوائی اپنی جان، اور اپنا گھر قیامت کے دن۔

أَلَآ إِنَّ ٱلظَّـٰلِمِينَ فِى عَذَابٍ مُّقِيمٍ ﴿٤٥﴾

سنتا ہے! گنہگار پڑے ہیں سدا کی مار میں۔

وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَآءَ يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ ٱللَّهِ ۗ

اور کوئی نہ ہوئے انکے حمائتی جو مدد کرتے ان کی اللہ کے سوا۔

وَمَن يُضْلِلِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِن سَبِيلٍ ﴿٤٦﴾

اور جس کو بھٹکائے اللہ اس کو کہیں نہیں راہ۔

ٱسْتَجِيبُوا۟ لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِىَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُۥ مِنَ ٱللَّهِ ۚ

مانو اپنے رب کا حکم، اس سے پہلے کہ آئے ایک دن، جو پھرنا نہیں اللہ کے ہاں سے۔

مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ ﴿٤٧﴾

نہ ملے گا تم کو کوئی بچاؤ اس دن، اور نہ ملے گا الوپ (پوشیدہ) ہو جانا۔

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ

پھر اگر وہ ٹلا دیں (منہ موڑیں) تو تجھ کو نہیں بھیجا ہم نے ان پر نگہبان۔ تیرا ذمہ یہی ہے پہنچا دینا۔

وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ

اور ہم جب چکھاتے ہیں آدمی کو اپنی طرف سے مہر (رحمت)، اس پر ریجھتا (اتراتا) ہے

وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾

اور اگر پہنچتی ہے ان کو کچھ بُرائی، بدلہ اپنی کمائی کا، تو انسان بڑا ناشکر ہے۔

لِّلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ

اللہ کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ پیدا کرتا ہے جو چاہے۔

يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ ﴿٤٩﴾

بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹیاں اور بخشتا ہے جس کو چاہے بیٹے۔

أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا ۖ وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيمًا ۚ

یا ان کو دیتا ہے جوڑے بیٹے اور بیٹیاں۔ اور کرتا ہے جس کو چاہے بانجھ۔

إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ﴿٥٠﴾

وہ ہے سب جانتا کر سکتا۔

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ

اور کسی آدمی کی حد نہیں کہ اس سے باتیں کرے اللہ، مگر اشارے سے یا پردہ کے پیچھے سے،

أَوْ يُرْسِلَ رَسُولاً فَيُوحِىَ بِإِذْنِهِۦ مَا يَشَآءُۚ

یا بھیجے کوئی پیغام لانے والا، پھر پہنچا دے اس کے حکم سے جو چاہے

إِنَّهُۥ عَلِىٌّ حَكِيمٌ ٥١

(بلاشبہ) وہ سب سے اُوپر ہے حکمتوں والا۔

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَاۚ مَا كُنتَ تَدْرِى مَا ٱلْكِتَٰبُ وَلَا ٱلْإِيمَٰنُ

اور اسی طرح بھیجا ہم نے تیری طرف ایک فرشتہ اپنے حکم سے۔ تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور نہ ایمان،

وَلَٰكِن جَعَلْنَٰهُ نُورًا نَّهْدِى بِهِۦ مَن نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَاۚ

پر ہم نے رکھی ہے یہ روشنی، اس سے راہ دیتے ہیں جس کو چاہیں اپنے بندوں میں۔

وَإِنَّكَ لَتَهْدِىٓ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ٥٢

اور تو البتہ سجھاتا ہے سیدھی راہ۔

صِرَٰطِ ٱللَّهِ ٱلَّذِى لَهُۥ مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِۗ

راہ اللہ کی، جس کا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔

أَلَآ إِلَى ٱللَّهِ تَصِيرُ ٱلْأُمُورُ ٥٣

سنتا ہے! اللہ ہی تک پہنچ ہے کاموں کی۔

---

**********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com